# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: ہمارے موسم | |

**مقاصد:** سادہ اور مرکب جملوں پر مشتمل عبارت سُن کر اس کے اجزاء سے متعلق معلومات اخذ کر سکیں۔
موقع کی مناسبت سے آدابِ گفت گو کا خیال رکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، باجا، سوالات کی پرچیاں، چارٹ، دھاگے

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔
- سبق میں سے چار سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔ مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور انھیں ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پرچی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ زیادہ سوالات کے درست جوابات دے گا، وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • بچوں سے کہیں کہ سبق سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں سادہ اور مرکب جملوں میں جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔<br>• گفت گو کے دوران اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے آپس میں بات کرتے ہوئے بھرپور اعتماد اور ادب و احترام سے بات کریں۔ اگر غلطی ہو جائے تو معافی مانگیں۔<br>• بچوں کو بتائیں کہ جب کسی سے کوئی چیز لیں یا دیں تو شکریہ کے کلمات کہیں۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) کچھ بچوں سے سبق کے نکات سادہ اور مرکب جملوں میں سنیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی گھر میں مشق کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: ہمارے موسم | |

**مقاصد:** معنی کے لحاظ سے متضاد الفاظ کو سمجھ کر لکھ سکیں۔
جمع اور واحد کا فرق جملوں میں واضح کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، ڈسٹر، کتاب "اردو سوم"، بورڈ مارکر / چاک، چار کوئی سی ایسی چار کی تصویریں، جن کے الٹ بن سکیں۔ جیسے: موٹا، اداس، سخت، مختلف رنگوں کی چار قلفیاں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- چار کوئی سی ایسی تصویریں لیں، جن کے الٹ بن سکیں۔ جیسے: صبح، خوش، گرم، خزاں، وغیرہ۔
- تصویروں کو کاٹ کر ان کے حصّے الگ الگ کر کے پہلے سے تیار کر لیں۔ بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک تصویر کے فلیش کارڈ کے یہ ٹکڑے دے دیں۔ ان سے کہیں کہ ان ٹکڑوں کو میز پر پھیلا کر ترتیب سے جوڑ کر تصویر مکمل کریں اور پھر اس کا متضاد سوچیں۔ اس کے لیے انھیں ایک منٹ دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہ الفاظ لکھ دیں، جن کے متضاد بنوانے ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں، جس گروہ کے پاس اس پر مبنی تصویر آئی ہو گی، اس کا کوئی بچہ آکر بورڈ پر متعلقہ لفظ کے سامنے اس کا متضاد لکھے گا۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی۔ وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں ایسے الفاظ جو معانی کے لحاظ سے ایک دوسرے کے الٹ ہوں، انھیں متضاد الفاظ کہتے ہیں۔ آج ہم الفاظ کے متضاد لکھ کر خالی جگہ پر کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر سوال نمبر 8 کے تحت دیا ہوا پہلا جملہ لکھیں:

اسلام میں کسی گورے کو ـــــــــــــــ پر فوقیت حاصل نہیں ہے۔

- بچوں سے جملہ پڑھوائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ گورے کا متضاد کیا ہوتا ہے؟ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔
- اب بورڈ پر خالی جگہ میں گورے کا متضاد "کالا" لکھ کر جملہ مکمل کریں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی سوال نمبر 8 کے تحت دیے ہوئے باقی جملوں پر بھی کروائیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنادیں۔ ہر گروہ کو چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی چار قلفیاں دیں، جن کے باہر الفاظ "مرد، دوست، دن، زمین" لکھے ہوں اور ان کے اندر متضاد کی سرخی لکھی ہو۔

بچوں سے کہیں کہ وہ قلفی کے باہر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، پھر قلفی کے اندر دی گئی جگہ میں اس کا متضاد لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک پر الفاظ اور دوسرے پر متضاد کی سرخی لکھیں۔

الفاظ والے کالم میں "مرد، دوست، دن، زمین" لکھ دیں۔

- مقررہ وقت کے بعد کوئی لفظ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس لفظ پر بنی قلفی ہو گی، اس گروہ کا کوئی بچہ آئے گا اور بورڈ پر لکھے ہوئے اس لفظ کے آگے اس کا متضاد لکھے گا۔ اسی طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہو گی، وہ یہ جیت جائے گا۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کتابوں پر سوال نمبر 8 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر بچوں کا جائزہ لیں۔ جہاں انھیں مدد اور رہنمائی درکار ہو، فراہم کریں۔
- بچوں کو واحد اور جمع کے تصور سے آگاہ کریں۔
- سوال نمبر 9 میں دیئے گئے جمع کے جملوں کو واحد کے جملوں میں تبدیل کروائیں، بعد ازاں بچوں کو کہیں کہ کتاب کا کام مکمل کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) متفرق بچوں سے الفاظ متضاد لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 3 | سبق کا نام: ہمدردی (نظم) | |
| **مقاصد:** نظم کو درست تلفظ، لے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، سفید اور سیاہ چارٹ، رنگ دار مارکر، گلو، نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ، ٹوکری | | |

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں۔ بچوں کو السّلام علیکم کہیں، ان کی خیریت اور گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔
- بچوں کے تین گروہ بنادیں اور ہر ایک کا ایک ایک لیڈر منتخب کردیں۔ انھیں دوسروں کی مدد کرنے سے متعلق تین تصاویر دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ان تصاویر کو غور سے دیکھیں اور چند جملوں میں بتائیں کہ ایسی صورت حال میں ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ انھیں سوچنے کے لیے دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد باری باری ہر گروہ کے لیڈر کو تصویر سمیت بلائیں۔
- انھیں تصاویر بورڈ پر چسپاں کرکے ان سے متعلق چند جملے بولنے کے لیے کہیں۔ جو گروہ یہ سرگرمی بہتر طور پر کرے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے ان سے مختلف سوالات کریں۔ جیسے:
- دوسروں کی مدد کرنا کیوں ضروری ہے؟
- سڑک پر کوئی پتھر پڑا ہو تو ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
- کسی کو تکلیف میں دیکھ کر ہمیں کیا کرنا چاہیے؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- نظم "ہمدردی" کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا چھے نمبر لکھے ہوں۔ ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔

- کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔ جو نمبر آئے، اس نمبر والا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔
- درست پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کروائیں۔ اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ اس کے بعد ان الفاظ کے کارڈ کو لفظی دیوار پر چسپاں کر دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 68 کھلوائیں۔ بچوں سے اس پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔
- اب نظم کی بلند خوانی پہلے خود کریں۔ ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ دوسروں کی مدد کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔ اس لیے اگر کسی کو ہماری مدد کی ضرورت ہو تو ہمیں اس کی مدد کرنی چاہیے۔
- نظم کو چار حصوں میں تقسیم کر دیں۔
- بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ اب 4 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری باری ہر گروہ کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ نظم کے انھی اشعار کی بلند خوانی کرے گا۔ ایک گروہ دو اشعار کی بلند خوانی کرے گا۔
- اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ اشعار پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔ جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ اس کے علاوہ خیال رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھیں نہ کہ نثر کے انداز میں۔
- پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں ۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) نظم کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) نظم کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 4 | سبق کا نام: ہمدردی (نظم) | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔

سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم"، مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں، آئس کریم اسٹکس

## تحریکی سرگرمی: (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں گروہ بادل اور گروہ دھنک کا نام دے دیں۔
- مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جنھوں نے گذشتہ روز سبق نہ پڑھا ہو اور وہ کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔
- بورڈ کو دو برابر حصوں میں تقسیم کر دیں اور ان میں گروہ بادل اور گروہ دھنک لکھ دیں۔ اب باری باری پرچیاں کھولیں، جن بچوں کے نام آئیں، ان سے نظم "ہمدردی" کی پڑھائی کروائیں۔ درست تلفظ کے چار نمبر ہوں گے۔
- اس طرح جس جس گروہ کا بچہ پڑھے، اس کے نمبر ساتھ ساتھ بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں لکھتے جائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (20 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے، جس کی وجہ سے ہم ایک دوسرے کی بات یا تحریر کو سمجھ پاتے ہیں۔ اگر ہم الفاظ کے درست معنی نہ جانتے ہوں تو ہماری بات غلط بھی ہو سکتی ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔
- اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 69 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "آشیاں" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔
- اسی طرح یہ مشق الفاظ "اگرچہ، جہاں، شجر، آہ وزاری، ٹہنی، چھانا، مشعل" پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔

- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔
- جو بچہ پہلے ہاتھ بلند کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔اس طرح یہ سر گرمی باقی الفاظ پر کروائیں۔

- ایک کپ میں 3 آئس کریم اسٹک رکھ دیں۔
- جن پر 4 مختلف رنگوں کی چٹیں چسپاں ہوں، جن پر تفہیم میں پوچھے گئے سوالات "الف،ب،ج،د" لکھے ہوں۔
- دوسرے کپ میں 4 آئس کریم اسٹک رکھ دیں جن پر انھی رنگوں سے 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں جو دوسرے کپ میں رکھی ہوئی آئس کریم اسٹک پر لگی ہوئی چٹوں کے لیے استعمال کیے ہوں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔
- اب کسی ایک گروہ کے لیڈر کو بلائیں۔اسے کہیں کہ وہ آنکھیں بند کر کے نمبروں والی اسٹک میں سے کوئی اسٹک اٹھالے اور پھر دوسرے کپ میں سے اسی رنگ کی آئس کریم اسٹک تلاش کر کے نکالے، جس رنگ کا نمبر اس کے پاس آیا ہے۔س طرح سے یہ سر گرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ آئس کریم اسٹک پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس سوال کا جواب سوچیں۔اس کے لیے انھیں تھوڑا وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوالات لکھ کر ان کے نیچے جوابات لکھنے کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلا کر ان سے کہیں کہ ان کے پاس جس سوال کی اسٹک آئی ہے، وہ سوال بورڈ پر تلاش کر کے اس کے نیچے اس سوال کا جواب لکھے درست جواب لکھنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
| --- | --- | --- | --- |
| آشیاں | | آہ وزاری | |
| اگرچہ | | ٹَہنی | |
| جہاں | | چھانا | |
| شَجر | | مَشعَل | |

**سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔**

۱۔ بلبل کیوں اُداس تھا؟

جواب:_______________

_______________

۲۔ بلبل کی آہ وزاری کس نے سنی؟

جواب:_______________

_______________

۳۔ جگنو نے کس طرح بلبل کی مدد کی؟

جواب:_______________

_______________

۴۔ دنیا میں کون لوگ اچھے ہیں؟

جواب:_______________

_______________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ: 1 | وقت: 40 | تاریخ: |
| پیریڈ: 5 | سبق کا نام: ہمدردی (نظم) | |

**مقاصد:** درست الفاظ کی مدد سے مصرعے مکمل کر سکیں۔
کالم الف کو کالم ب سے ملا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو سوم" سوال 2 کے تحت دیے ہوئے نامکمل جملوں کی پرچیاں، مصرعوں کی پرچیاں، نظم سے متعلق چار سوالات کی پرچیاں، گتے کا ڈبا

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں دریافت کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے اپنے کام کا آغاز کریں گے۔
- اس سرگرمی کے لیے ایک چوکور ڈبّا جماعت میں آنے سے پہلے تیار کر لیں۔
- ڈبے کی چاروں اطراف میں رنگ برنگا کاغذ چڑھالیں۔ ڈبے کی چاروں اطراف میں کاغذ کی چھوٹی چھوٹی جیبیں بھی بنا دیں۔ ن
- ظم "ہمدردی" سے متعلق چار سوالات کی پرچیاں بنائیں اور وہ ان جیبوں میں ڈال دیں۔
- مگر جیبوں میں ڈالنے سے پہلے پرچیوں کو بند ضرور کر دیں۔ بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ میں سے باری باری ایک ایک بچے کو بُلائیں اور انھیں ڈبّا ایسے گھما کر زمین پر لڑھکانے کو کہیں جیسے پاسا پھینکا جاتا ہے۔ پھینکے جانے پر ڈبّے کی جو جیب اُوپر کی جانب آئے اُس کی جیب سے پر چی نکالیں اور بچے سے اُس پر لکھے ہوئے سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط جواب پر دوسرے گروہ کے بچے کو اس کا موقع دیں۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہ کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ زیادہ سوالات کے درست جوابات دے گا، وہ فاتح قرار دیا جائے گا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج نظم سے متعلق مصرعے مکمل کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- بچوں کو ایک بار نظم کا خاموش مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- بچوں کے 4 گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو مشق کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے مصرعوں پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چٹیں (Strips) دیں، جن کے سامنے مصرع میں لکھنے کی جگہ خالی ہو۔

- اس کے علاوہ ہر گروہ کو شعر مکمل کرنے کے لیے دو دو مصرعوں کی پرچیاں بھی دیں، جن میں ایک لفظ نظم کے مطابق درست اور ایک غلط ہو ۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ چٹوں(Strips ) پر لکھا ہوا مصرع پڑھیں۔ پرچیوں پر لکھے ہوئے مصرعے پڑھیں اور ان میں سے درست مصرع چن کر کارڈ میں دی گئی خالی جگہ میں لکھ کر شعر مکمل کریں اور اس کا مفہوم گروہ میں ایک دوسرے کو بتائیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اس دوران میں بورڈ پر وہی مصرعے لکھ دیں جن کی پرچیاں بچوں کو دی ہوں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو کارڈ سمیت بلائیں اس سے کہیں کہ وہ تختہ تحریر پر لکھے ہوئے مصرعوں میں دیکھے کہ ان کے پاس کون سا مصرع آیا تھا، پھر خالی جگہ میں درست مصرع لکھ کر شعر مکمل کرے۔ اس کے بعد کسی دوسرے گروہ کے کسی بچے سے کہیں کہ وہ اس شعر کا مطلب بتائے۔
- درست شعر اور درست مطلب بتانے پر دونوں گروہوں کو دو دو نمبر مل جائیں گے۔ غلط بتانے کی صورت میں اس گروہ کے دو نمبر کٹ جائیں گے۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں سے دوسرے مصرعوں پر کروائیں ۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- جماعت کے دو گروہ بنالیں دونوں گروہوں کو گروہ الف اور گروہ ب کا نام دیں۔
- گروہ 'الف' کو کالم الف پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- گروہ 'ب' کو کالم ب پر مشتمل مصرعوں کی پرچیاں دیں۔
- اب کالم الف کے بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے ایک پرچی کھول کر اس میں موجود مصرع اور بلند آواز سے پڑھیں۔
- اس کے جواب میں اس شعر کا دوسرا مصرع گروپ 'ب' کے جس بچے کے پاس موجود ہے وہ کھڑا ہو جائے اور مصرع پڑھ کر شعر مکمل کرے۔ اسی طرح تمام مصرعوں سے اشعار کی تکمیل کروائیں۔
- اس سرگرمی کے بعد بچوں سے کتاب کا کام مکمل کروائیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5منٹ) بورڈ پر نامکمل مصرعے لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جملے مکمل کروائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

درست لفظ چن کر مصرعے مکمل کریں۔

راہ | دِن | دِیا | مدد | آشیاں

الف) اُڑنے چُگنے میں __________ گُزارا

ب) پہنچوں کِس طرح __________ تک

ج) حاضر ہُوں __________ کو جان و دِل سے

د) مَیں __________ میں روشنی کروں گا

ہ) چمکا کے مُجھے __________ بنایا

مثال کے مطابق کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملا کر مصرعے مکمل کریں۔

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| کہتا تھا کہ رات | دِن گُزارا |
| سُن کر بُلبُل کی | رات ہے اَندھیری |
| کیا غم ہے جو | سر پہ آئی |
| اُڑنے چُگنے میں | ہی سے بولا |
| جُگنو کوئی پاس | آہ و زاری |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:2 جماعت: سوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:1 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: ہمدردی (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کے متعلق آپس میں بات چیت کر سکیں۔

حروف جوڑ کر لفظ بنائیں اور آخری حرف سے نیا لفظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو سوم"، گھنٹی، چارٹ پیپر سے بنی گا جریں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔ اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔
- اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے نظم "ہمدردی" سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب بچوں سے کہیں کہ نظم کو غور سے سنیں اور آپس میں بات چیت کر کے بتائیں کہ نظم میں کس چیز کے بارے میں بات کی گئی ہے؟
- ان سے کہیں کہ نظم سے متعلق آپس میں بات چیت کریں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- اب سوال نمبر 8 کے تحت دیے ہوئے حروف بولیں اور بچوں کو انھیں ملا کر لفظ بنانے کے لیے کہیں۔
- جس گروہ کے بچے پہلے باجا بجائیں۔ انھیں بتانے کا موقع دیں۔ درست لفظ بتانے کے دو نمبر ہیں۔
- درست لفظ بتانے پر بورڈ پر متعلقہ گروہ کے خانے میں دو نمبر لکھ دیں اور غلطی کی صورت میں دوسرے گروہ میں سے کسی بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔

- آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔
- چارٹ پیپر کی 5 گاجریں بنائیں۔ ان پر سوال نمبر 8 کے تحت دیے حروف لکھے ہوں اور کے نیچے حروف کو ملا کر لفظ لکھنے کی جگہ ہو۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا کر یہ گاجریں انھیں دے دیں۔
- حروف ملا کر الفاظ بنانے اور متعلقہ جگہ پر لکھنے کے لیے کہیں۔ اور آخری حرف سے نیا لفظ بنائیں۔ اس کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ کو اپنے بنائے ہوئے الفاظ بتانے کے لیے کہیں۔ درست الفاظ بنانے والے بچوں کو شاباش دیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مشق کے سوال نمبر 8 کے تحت دیئے گئے حروف لکھیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان حروف سے الفاظ بنوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھائے گئے سبق کی مشق کریں۔